## سیدالشہداءحضرت امام حسینؓ، اہل بیت اوران کے رفقاء نے میدان کربلا میں جولازوال قربانیاں دیں
## وہ رہتی دنیا تک حق پرستی کے علمبرداروں کیلئے مشعل راہ بنی رہے گی، الطاف حسین

لندن۔۔۔16، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سیدالشہداءحضرت امام حسینؓ، اہل بیتؓ اوران کے رفقاء نے میدان کربلا میں حق کی راہ میں لازوال قربانیاں دیکر صبرواستقامت، عزم وہمت، ایثاروقربانی اورثابت قدمی کی ایسی مثال قائم کی ہے جورہتی دنیا تک حق پرستی کے علمبرداروں کیلئے مشعل راہ بنی رہے گی۔ یوم عاشور پراپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ واقعہ کربلاحق اور سچ کی راہ میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے اورنواسہ رسولﷺ حضرت امام حسینؓ، اہل بیت اوران کے رفقاء نے حق کی خاطر سر کٹانا قبول کرلیا لیکن باطل پرست ظالم وجابرقوتوں کے آگے سرخم نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ واقعہ کربلا دنیا بھر میں راہ حق پرست چلنے والے تمام حق پرستوں کیلئے مشعل راہ ہے اور یہ پیغام ہے کہ حق کی راہ میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ سیدالشہداءحضرت امام حسینؓ اوراہل بیت سے سچی محبت وعقیدت کا تقاضہ ہے کہ ان کی تعلیمات اورزریں اصولوں کی پیروی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والےعوام سے اپیل کی کہ وہ یوم عاشور کے موقع پر اپنے درمیان اتحادو بھائی چارے کو برقراررکھیں اورسازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔انہوں نے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ وہ محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے اپنا بھرپورعملی کردارادا کریں۔

☆☆☆☆☆